نے کتاب کا انتساب پروفیسر ظفر اسحاق انصاری کے نام کیا تھا، مگر وہ ممتاز صاحب کے ۲۶ روز بعد (۲۴ /اپریل ۲۰۱۶ء) انتقال کر گئے۔ یہ کتاب ان دونوں محترم اور ممتاز محققین کی یاد تازہ کرتی رہے گی۔ (رفیع الدین ہاشمی)

اسفار اقبال، عنایت علی۔ ناشر: قرطاس پبلشرز پوسٹ بکس نمبر ۲۵، فیصل آباد۔ ملنے کا پتا: مکتبہ معارف اسلامی منصورہ لاہور۔ صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۴۸۰ روپے۔

علامہ اقبال جیسی مختلف الحیثیات شخصیت کے سوانح اور فکر و فلسفے پر ہزار سے اوپر کتابوں کے باوجود، نئی کتابوں کی تالیف و اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ زیر نظر کتاب میں علامہ اقبال کے ملکی اور غیر ملکی اسفار کی تفصیلات جمع کی گئی ہیں۔ اقبال کا پہلا قابلِ ذکر سفر انگلستان کا تھا، جس سے تین سال بعد وہ تین ڈگریاں لے کر واپس آئے۔ بعد ازاں انھوں نے حیدر آباد دکن، کشمیر، مدراس، میسور، الٰہ آباد، شملہ، افغانستان، سرہند شریف، بھوپال، دہلی اور پانی پت کے سفر کیے۔ درمیان میں دوبار یورپ گئے اور ان دوروں میں انھوں نے انگلستان کے علاوہ ہسپانیہ، اٹلی، مصر، فلسطین کے مختلف علاقوں اور شہروں کے علاوہ بیت المقدس کی زیارت کی۔

مؤلف پیشے کے اعتبار سے انجینیر ہیں۔ برسوں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن سے وابستہ رہے۔ اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات کی ساتھ ساتھ انھوں نے فروغِ اقبالیات کو بھی مقاصد زندگی میں شامل کیے رکھا۔ جس کا حاصل زیرِ نظر کتاب، یعنی اسفارِ اقبال کا ایک بہترین موقع ہے۔ سلیقے سے مرتب کی گئی یہ کتاب اقبالیات کی دل چسپ کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ طباعت اور اشاعتی معیار اطمینان بخش ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

تعارف کتب

◉ **سیرت سید الابرارؐ**، منیر احمد خلیلی۔ ناشر: ادبیات، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ صفحات: ۴۹۴۔ قیمت: ۸۵۰ روپے۔ [سیرتِ پاکؐ پر اس کتاب کے پہلے حصّے میں ولادت سے وفات تک کے واقعات کا تذکرہ ہے، دوسرے حصّے میں سیرت وسنّت کے قرآنی گوشوں، تزکیہ وتربیت، دعوت وتبلیغ، امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور حقوق النبیؐ پر بات کی گئی ہے۔ مؤلف نے جو لکھا، سیرت پر ماقبل اردو کتابوں اور عربی مآخذ کو سامنے رکھ کر چھان پھٹک کر ذمہ داری سے لکھا۔ یہ کتاب اردو کے ذخیرہ سیرت النبیؐ میں اچھا اضافہ ہے۔]